© rasailojaraid.com

# یہ مسلمان ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود

حکم ہے اللہ کا داخل پورے ہو اسلام میں  
ہو جھلک اسکی عیاں تب ان کے ہر اک کام میں

اکثریت اہل ایمان کی فقط ہے نام کی  
ان کے ہاتھوں بن رہی درگت ہے اب اسلام کی

ان کی شادی یا غمی سنت سے کوسوں دور ہیں  
نقل غیروں کی یہ کرنے میں بہت مشہور ہیں

بے تحاشا خرچ کرنے میں بہت بے باک ہیں  
گھر اجڑ جائے مگر یہ اونچی رکھتے ناک ہیں

رسم مہندی پر تھرکتی لڑکیاں ہیں بے حجاب  
دعوت نظارہ مجرم کو ہے دیتا یوں شباب

اختلاط مرد و زن اپنے یہاں تو عام ہے  
بے حجابی اصل میں بے غیرتی کا نام ہے

ہے کہاں مومن وہ جس کے دل میں غیرت ہی نہیں  
کافرانہ چال پر اس کو تو حیرت ہی نہیں

جذبہ شوق شہادت جب سے عنقا ہو گیا  
اہل ایمان چار سو دنیا میں رسوا ہو گیا

بینڈ باجے بن کہاں سجتی یہاں بارات ہے  
فحش گانوں کی دھنوں پر تھرکتی بارات ہے

شادیوں پر بے طرح کرتے چراغاں لوگ ہیں  
نقل دیوالی کی کرتے بے گماں یہ لوگ ہیں

شادیوں میں کھانا ہوتا بے طرح برباد ہے  
میزبان نقصان پر ہوتا بہت ناشاد ہے

ڈھور ڈنگر جس طرح کھرلی پر چرتے ہیں کھڑے  
کھانے پر یوں ٹوٹ پڑتے ہیں یہاں چھوٹے بڑے

مغربی تہذیب کیا ہے دین ودنیا کا زیاں  
گر نہ چھوڑا اس کو تو پچھتانا ہو گا بے گماں

بے محل ہے خرچ یارو کام تو شیطان کا  
گامزن اسراف پہ تو باغی ہے رحمان کا

ترک کر کے شرک و بدعت راہ لو اسلام کی  
زندگی گر یونہی گزرے زندگی کس کام کی

پیروی ہے اسوہ حسنہ کی فقط راہ نجات  
منہ جو اس سے موڑ لے شیطان کے آیا ہے وہ ہاتھ

رشحات قلم:۔ عبدالرحمان عاصم انصاری ایم اے  
میاں چنوں

© rasailojaraid.com